اپنے کرایہ داری کے حقوق جانئے

ایک تاریخ رہائش ے انصاف کی فتح نے حال ہی میں بطور کرایہ دار آپ کی حفاظتوں میں ڈرامائی اضافہ کر دیا ہے:

اپنے حقوق استعمال کریں اور سب کے لئے رہائشی انصاف حاصل کرنے کی تحریک کا حصہ بنیں۔

ترجیحی کرایے اب مستقل ہیں:

17 جون 2019 کے بعد تجدید شدہ معاہدوں کے لئے آپ کی تجدید میں موجود کرایہ آپ کا ترجیحی کرایہ جمع رینٹ گائیڈ لائن بورڈ کا منظور شدہ قابل اطلاق اضافہ ہونا چاہیے۔ آپ کا ترجیحی کرایہ تب تک جاری رہتا ہے جب تک آپ یا آپ کی کرایہ داری کا کوئی "وارث" آپ کے اپارٹمنٹ میں رہتا ہے۔

کرایے کی زائد رقم کی وصول کے خلاف جنگ کریں:

مالک مکان آپ کے اپارٹمنٹ یا پوری عمارت میں کی جانے والی چند اصلاحات یا شہر کے تحت سالانہ بنیادوں پر طے شدہ رقم کے مطابق ہی آپ کا کرایہ بڑھا سکتا ہے۔ اگر آپ کا مالک مکان ان میں سے کسی وجہ کے بغیر آپ کا کرایہ بڑھاتا ہے تو ممکن ہے کہ آپ کرایے کی زائد وقم کی وصولی کا دعویٰ رکھتے ہوں۔

اپارٹمنٹس ہمیشہ کے لئے مستحکم کرایے کے حامل ہیں:

اب آپ کا مالک مکان کرایے کے استحکام کی حفاظتیں کبھی واپس نہیں لے سکتا۔

IAI اور MCI کے لئے کرایے میں اضافے:

کرایے کے نئے قوانین IAI یا MCI کے لئے مالک مکانوں کی کرایے میں اضافے کی رقم اور تعداد کو محدود کرتے ہیں۔ IAI اور MCI کے لئے کرایے بڑھانے سے قبل مالک مکانوں کے تمام کلاس بی اور سی کی خلاف ورزیوں کی مرمت کروانی ہو گی۔

مالک مکان بدلہ نہیں لے سکتے:

مالک مکان بدلے کے طور پر آپ کو باہر نہیں نکال سکتے۔ اگر آپ کے اپارٹمنٹ کی مرمتوں کے لئے رقم کا مطالبہ کرنے کے بعد ایک سال کے اندر اندر آپ کا مالک مکان کافی حد تک کرایہ بڑھا دے یا معاہدے کی تجدید کی انکار کر دے تو وہ آپ سے بدلہ لے رہا ہے۔ آپ عدالت میں بطور دفاع بدلے کا دعویٰ کر سکتے ہیں اور عدالت مالک مکان سے معاہدے کی تجدید کروا سکتی ہے۔

اگڑ آپ کا مالک مکان آپ کے اپارٹمنٹ کو غیر مستحکم کرنے کی کوشش کر رہا ہے یا اگر آپ کے کرایے کی تاریخ میں مشکوک اضافے یا بغیر رجسٹریشن کے وقت کے وقفے موجود ہیں تو لیگل سروسز NYC سے 917-661-4500 پر رابطہ کریں یا 718-739-6400 پر DHCR کو شکایت درج کروائیں۔